November. 2012, Issue

Planet Green

E-Newsletter from NFEH

NFEH

Managed by:
National Forum for Environment & Health (NFEH)
www.nfeh.org

Supported by:
Energy Update Magazine
www.energyupdate.com.pk

for your news, pics & feedback contact: info@nfeh.org or nfehpak@gmail.com

شہری اور دیہی خواتین اپنی صحت کا خیال نہیں رکھتیں۔توقیر فاطمہ بھٹو

نیشنل فورم فار انوائرنمنٹ کی جانب سے خواتین کی صحت پر کانفرنس سے ڈاکٹر حلیمہ یاسمین، فرحین مغل، ڈاکٹر قیصر وحید، نعیم قریشی، ڈاکٹر ناجیہ اشرف ڈاکٹر صائمہ رشید، ڈاکٹر فہمیدہ خاتون، یوگی وجاہت، ڈاکٹر شہزاد علی، رقیہ نعیم ودیگر کا خطاب

کراچی: صوبائی وزیر ترقی نسواں توقیر فاطمہ بھٹو نے کہا کہ گاؤں کے علاوہ شہر کی خواتین بھی اپنی صحت کے حوالے سے غفلت برتتی ہیں اور بچہ کی پیدائش کے بعد مائیں اپنی صحت کا خیال نہیں کرتی خودساختہ میٹرنٹی ہوم بھی کافی تعداد میں بڑھ رہے ہیں۔جو معاشرے میں جرائم اور دیگر مسائل پیدا کر رہے ہیں اور ماں و بچہ کی زندگی اور صحت کے لئے خطرہ ہیں۔ان خیالات کا اظہار انھوں نے مقامی ہوٹل میں نیشنل فورم فار انوائرنمنٹ اینڈ ہیلتھ کی جانب سے منعقدہ کانفرنس میں کیا۔اس موقع پر نیشنل فورم کے چیرمین ڈاکٹر قیصر وحید، فورم کے صدر نعیم قریشی، رکن صوبائی اسمبلی فرحین مغل، ڈاکٹر ناجیہ اشرف، ڈاکٹر صائمہ رشید، ڈاکٹر فہمیدہ خاتون، یوگی وجاہت، ڈاکٹر شہزاد علی، رقیہ نعیم اور دیگر نے خطاب کیا۔یہ کانفرنس گرین اسٹار سوشل میڈیا نیٹ ورک کے تعاون سے منعقد کی گئی۔توقیر فاطمہ بھٹو نے کہا کہ صحت کی آگاہی کے لئے سندھ میں قومی و صوبائی سطح پر کانفرنس کا انعقاد کیا جائیگا۔جس میں تمام متعلقہ اداروں کو مدعو کیا جائیگا۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں عورت کو ایسا ماحول فراہم کرنا چاہیے جہاں وہ اپنی صحت یا کسی بھی قسم کے مسئلہ کو بآسانی شیئر کر

سکے اور اس پر بات کرسکے اور ہر ماں کو اپنی بیٹی کی دوست بننا چاہیے۔ انہوں نے کہا خواتین کی ترقی، صحت اور بہبود آبادی کے ساتھ شہری اور دیہی علاقوں کی خواتین کے مسائل پر جامع قانون سازی کی جاری ہے۔ ویمن ہیلتھ کے موضوں

پر گفتگو کرتے ہوئے گرین اسٹار سوشل مارکیٹنگ کی نمائندہ ڈاکٹر حلیمہ یاسمین نے خواتین کی صحت کے حوالے سے تفصیلی معلومات فراہم کیں اور اور بہبود آبادی وصحت کے حوالے سے بتایا۔ جناح اسپتال کی کنسلٹنٹ اور اسسٹنٹ پروفیسر

ڈاکٹر حلیمہ یاسمین نے کہا کہ فیملی پلاننگ پر خاص توجہ دینی چاہیے اور ایک حمل سے دوسرے حمل تک 2 سے 3 سال تک کا وقفہ ضرور ہونا چاہیے اور فیملی پلاننگ کے لیے کافی محفوظ اور موثر طریقہ کار موجود ہیں ۔ اس موقع پر پاکستان میڈیکل ایسوسی ایشن کی نمائندہ ڈاکٹر خدیجہ انصاری نے بریسٹ کینسر کے حوالے سے تفصیلی معلومات فراہم کی ۔ اور بتایا کی بریسٹ کینسر سے بچاؤ کے لئے 40 سال کے بعد ہر خاتون سال میں میموگرافی کے ذریعہ یا پھر ڈاکٹر سے چیک اپ کروانا ضروری ہے۔ ڈاکٹر شہزاد علی نے کہا کہ ہمارے معاشرے میں ماں بننے کی سزا دی جاتی ہے اور ہر سال 30 ہزار مائیں اموات کا شکار ہو جاتی ہیں جو غیر ضروری وناقص سہولیات اور ہیلتھ کیئر نظام کی غیر فعال سہولیات کی وجہ سے ہے۔ رکن سندھ اسمبلی فرحیں مغل نے کہ خواتین کی صحت کے حوالے سے لیڈی ہیلتھ

کیئر کو تربیت فراہم کر کے صورتحال بہتر اور آگاہی فراہم کی جاسکتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ قانون بنانا آسان ہے لیکن ااس پر عمل درآمد مشکل ہے ہر قانون بننے کے بعد پولیس کے مزے ہو جاتے ہیں اور وہ انکی کمائی کا ذریعہ بن جاتا ہے ۔انہوں نے کہا جب جعلی کلینکوں وڈاکٹروں کے خلاف کریک ڈاون کرتے ہیں تو بااثر لوگ آپریشن رکوا دیتے ہیں اس موقع پر ڈاکٹرز اور دیگر شعبہ ہائے زندگی میں اہم خدمات فراہم کرنے والے شخصیات کو شیلڈ تقسیم کی گئیں۔

ORGANIZED BY

NFEH
NATIONAL FORUM FOR ENVIRONMENT & HEALTH

EVENT MANAGED BY

Publicity Channel

GOLD SPONSOR

greenstar Social Marketing

EXECUTIVE SPONSORS

NBP National Bank of Pakistan · SEARLE · CANDEREL · Powered by IBL · MEDISURE

GENERAL SPONSORS

Martin Dow · ATCO · PharmEvo Our dream, a healthier society · ESSA

ELECTRONIC MEDIA PARTNERS

NEWS · NEWS ONE · HUM TV · apna karachi FM107 · Health TV صحت ہے زندگی

MEDIA PARTNER

Energy Update · پاکستان · SHE · Dental News · Medical News

e-MEDIA PARTNERS

AdvertNama · Faatimah 0323-2700477 · SenseFlow · Syeds Marketing